جلد ۴۱ — نمبر ۱۷

اخبار ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۸ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۲۹ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ منشی شوکت حسین صاحب پیشکار۔	۱
۲	" مولوی سید ذوالفقار حسین صاحب۔	[illegible]
۳	رخصت [illegible]۔	[illegible]
۴	اضافہ [illegible]	[illegible]
۵	[illegible]	[illegible]
۶	[illegible]	[illegible]
۷	اخراج [illegible]۔	[illegible]
۸	[illegible]	[illegible]
۹	اضافہ [illegible]۔	[illegible]
۱۰	رخصت [illegible]۔	[illegible]
۱۱	[illegible]	[illegible]
۱۲	تبادلہ [illegible]۔	[illegible]
۱۳	" عبدالحی [illegible]۔	[illegible]
۱۴	اخراج [illegible]۔	[illegible]
۱۵	رخصت [illegible]۔	[illegible]
۱۶	نقشہ [illegible]	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۸ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ تنخواہ منشی شوکت حسین پیشکار اجلاس بوجہ کمی تنخواہ از دیگر پیشکاران اجلاس ہائے و کثرت کام۔

حکم

منشی شوکت حسین پیشکار کی تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۷ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

مولوی سید ذوالفقار حسین صیغہ تعلیم سے پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ پاتے ہین جو کم ہے۔ خدمات انکے پسندیدہ ہین۔ لہذا انکی تنخواہ موجودہ مین صیغہ تعلیم سے تیس روپیہ ماہانہ اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

بررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۰؍ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

منشیہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر - دربارہ منظوری رخصت یکماہہ منشی امیر حسن منصرم گاؤمیش خانہ بذمہ داری نائب منصرم بغرض انصرام شادی دختر -

حکم

حسب صراحت رپورٹ - امیر حسن منصرم گاؤمیش خانہ کی رخصت ایک ماہ منظور ہے - کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ۱۵؍ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۲؍ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

حسب رپورٹ ماسٹر عماد الدین ایم - اے ٹیچر ہائی اسکول کا تاریخ ۲۲؍ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء سے مبلغ پانچ روپیہ ماہوار بموجب گریڈ اضافہ کیا جاتا ہے - کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض　　　　میر سامان

جناب عالی

ماسٹر عماد الدین - ایم اے ٹیچر ہائی اسکول ۲۲؍ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء سے پانچ روپیہ ماہوار اضافہ گریڈ کے مستحق ہیں - عرضداشت بامید صدور حکم منظوری ارسال حضور ہمایون ہے - دولت و اقبال جاوید باد -

عرضے
زیر خواہ دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
معروضہ ۲۰؍ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہوں - ۲۴؍ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۶؍ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

رپورٹ منظور ہے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ کیجائے -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض　　　　میر سامان

جناب عالی

سررشتہ دار صاحب صدر کی رپورٹ پر کہ مشکوک و قلمزدہ الفاظ نویسندہ کو ہر وقت یا وقت داخلہ مسل اپنے دستخط کر دینا چاہئے تاکہ محافظ خانہ صدر میں داخلہ کے وقت مشکلات پیش نہ آئیں - زیر خواہ کی دانست میں اسکی تعمیل و پابندی بہت ضروری ہے - سوائے فیصلجات نالشات نمبری کے بقیہ احکامات کی قلمزدگی یا مشکوکی کو نویسندگان عبارت کے دستخط ہونا چاہئے اور فیصلہ جات کی مشکوکی یا قلمزدگی پر خود حاکم عدالت کو دستخط کرنا چاہئے - اور جب اسکے داخلہ محافظ خانہ صدر کا وقت آئے تو جس سررشتہ سے داخلہ ہو رہا ہو اسکا افسر فوری تکمیل کرا سکتا ہے - بعد منظوری اجرائے عام احکام کی ضرورت ہے - زیادہ دعائے دولت

عرضے
زیر خواہ دستخط جوڈیشل سکریٹری بہادر
۱۵؍ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۶؍ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

ریاست کے جملہ صیغہ جات میں رجسٹر موجودات جاری ہیں - جو سامان خارج ہوتا ہے اسکے خارجہ کا نوٹ رجسٹر موجودات میں کیا جاتا ہے - لیکن بعض صیغہ جات میں نوٹ خارجہ پر دستخط افسر صیغہ نہیں ہوتے ہیں - لہذا حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر باتفاق رائے جملہ سکریٹری صاحبان بہادر منظور کیا جاتا ہے کہ آیندہ سے رجسٹر موجودات میں وقت اخراج سامان بحوالہ حکم خارجہ افسر صیغہ کے دستخط نوٹ خارجہ پر ہوا کریں اور وقت جانچ آڈٹ نوٹ خارجہ پر دستخط افسر صیغہ کے معائنہ کرلئے جایا کریں -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں مگر ایک ایک نقل جملہ سکریٹری صاحبان بہادر و صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر - سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی - کرنل محمد علی خان بہادر منشی محمد خدا علیخان کے پاس ارسال ہو - ایک نقل درج گزٹ کیجائے -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اخراج اسم

۲۲ اپریل ۱۹۲۹ء

بموجب رپورٹ قبل کپاؤنڈر شاہر و دار للعہ ماہوار کا نام ۲۰ مارچ ۱۹۲۹ء ملازمت سے خارج کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — بسر ساند

جناب عالی

مسز اس رام قبل کپاؤنڈر تنخواہ دار للعہ ماہوار ترک ملازمت کرکے چلی گئی۔ لہذا حسب رپورٹ چیف میڈیکل افسر صاحب ۲۰ مارچ ۱۹۲۹ء سے اسکا نام ملازمت سے خارج ہوگا۔ عرضداشت بامید صدور حکم ارسال اجلاس ہمایون ہے۔

دولت و اقبال جاوید باد

رقیمہ دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
معروضہ ۲۱ اپریل ۱۹۲۹ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۲۴ اپریل ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ اپریل ۱۹۲۹ء

مثبتہ عرضداشت صاحب فنانشل سکریٹری بہادر۔ دربارہ منظوری رخصت یکماہ قاسم علی صاحب افسر آڈٹ من ابتدا ۴ مئی لغایت ۴ جون ۱۹۲۹ء بوجہ تبدیل آب و ہوا۔

حکم

یکماہ کی رخصت مندرجہ رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۲۳ اپریل ۱۹۲۹ء

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۳ اپریل ۱۹۲۹ء

مثبتہ عرضداشت صاحب فنانشل سکریٹری بہادر۔ دربارہ اضافہ تنخواہ منشی محمد ضیا پرشاد کلرک خزانہ بوجہ خوش اسلوبی کام۔

حکم

محمد ضیا پرشاد انگلش کلرک خزانہ کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔

احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ اپریل ۱۹۲۹ء

مثبتہ تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت ۱۵ یوم منشی بھگوتی پرشاد اہلمد سررشتہ دہلیا قنوئیں از ۹ اپریل سنہ حال بعوض مکھن لال عوض مذکور کو تنخواہ رخصتی سے بحساب دس روپیہ ماہانہ تنخواہ دیجائیگی۔

حکم

حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر رخصت پندرہ یوم اہلمد سررشتہ دہلیا قنوئیں بعوض مجوزہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ اپریل ۱۹۲۹ء

مثبتہ تحریر حاکم صاحب صدر بربناء رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد دربارہ منظوری رخصت یکماہ کنہیا لال قرق امین تحصیل شاہ آباد من ابتدا ۱۰ اپریل لغایت ۹ مئی ۱۹۲۹ء بوجہ علالت بعوض برج بہادر امیدوار نامبردہ۔

حکم

رخصت یکماہ قرق امین تحصیل شاہ آباد بوجہ علالت بعوض مجوزہ تحصیلدار صاحب شاہ آباد و حاکم صاحب صدر منظور ہے۔ احکام منظوری رخصت مطلوبہ یکماہ صدر سے جاری ہون۔

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادل

۲۳ اپریل ۱۹۲۹ء

مسعود الدین تنخواہ دار للعہ ماہوار (سابق مدرس لوہا تحصیل ملک) مدرسہ سہریا جواہر تحصیل ٹانڈہ مین مامور کیا جائے۔ اور مدرسہ لوہا تحصیل ملک مین علی احمد خان تنخواہ دار للعہ ماہوار (مدرس سینہ کھیڑہ تحصیل ٹانڈہ) تبدیل کیا جائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۲۲ اپریل ۱۹۲۹ء

مسمے عبد علی نائب مدرس مدرسہ بعلاق تحویل و رحمت اچھوار کا تبادلہ مدرسہ شیو نگر تحصیل مسید کو کیا گیا - منظر

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو رسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اخراج اسم

۲۵ اپریل ۱۹۲۹ء

مشتبہ تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ اخراج اسم نجیاب خان کمپاؤنڈر متعینہ شفاخانہ اسٹاف بوجہ فوتی از ۱۰ اپریل ۱۹۲۹ء

حکم

نجیاب خان کمپاؤنڈر متعینہ شفاخانہ اسٹاف کا نام بوجہ فوتی ۱۰ اپریل ۱۹۲۹ء سے خارج کیا جائے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ اپریل ۱۹۲۹ء

مشتبہ رپورٹ افسر صاحب باغات دربارہ منظوری رخصت مزید ایک ماہ چھی میاں داروغہ باغ بعوض علی رضا میاں بوجہ علالت گزری

حکم

رخصت مزید ایک ماہ بتعین عوض حسب رپورٹ منظور رہی - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپ کر شائع ہوا

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائی ہفتہ چہارم ماہ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۷ مار ۷ مار		۱۷ مار ۷ مار				
نخود خالص	۶ مار		۶ مار				
نخودک آمیز	۰۶ مار		۶ مار				
ک	۷ مار		۷ مار				
ماش	۰۵ مار		۵ مار				
مونگ	۴ مار		۴ مار				
منجا	۷ مار		۰				
جئی	۹ مار		۱۱ مار				
گوجئی	نرخ بازار		۰۹ مار				
مسور	۸ مار		۷ مار				
ارہر	۷ مار		۰۹ مار				
برنج	۵ مار		۱۳ ۱۴ مار				
روغن زرد	۰۰۲ مار		۰۰۲ مار				
روغن سیاہ	۱۰۰ مار		۱۰۱ مار				
روغن کنجد	۱ مار		۱ مار				
نمک سامبھر	۱۲ مار		۱۲ مار				
نمک لاہوری	۶ مار		۶ مار				
قند سیاہ	۶ مار		۰۶ مار				
باجرہ	۰۵ مار		۰				

مطبوعہ سرکاری پریس رامپور